نیم برشتگیٔ جذبات اور آسودگیٔ خیال کے ساتھ اُن کو زبان و بیان اور اسالیبِ ادا پر بھی بڑی قدرت ہے کوئی خیال کیسا ہی اچھوتا ہو ان کی فکرِ رسا الفاظ و تراکیب کا موزوں لباس تراش لیتی ہے۔

اس مجموعہ میں غزلیں بھی ہیں اور نظمیں بھی اور اُن کی تعداد مدت شاعری کے اعتبار سے ایسی کچھ زیادہ بھی نہیں۔ لیکن اس حیثیت سے یہ بڑا قابلِ قدر ہے کہ اس میں جو کچھ ہے وہ رسمی اور روایتی شاعری کا نہیں بلکہ حقیقی شاعری کا اعلیٰ اور حسین نمونہ ہے" شروع میں خود شاعر کے قلم سے چھ صفحے کا ایک تعارف ہے جس سے شعر کی طرح نثر اور حسنِ انشار پر بھی قدرت کا ثبوت ملتا ہے۔ اس تعارف میں شاعر نے خود اپنے کلام پر خود ایسا بے لاگ تبصرہ کیا ہے کہ بڑے سے بڑا نقاد بھی اس سے بہتر نہیں لکھ سکتا اور اس لئے "در تصنیف مرا مصنف نکو کند بیان" کا صحیح مصداق ہے۔

قائم | مرتبۂ عابد رضا صاحب بیدار تقطیع خورد۔ ضخامت ۵۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت سو پیسے پتہ :- نیا خواب پرانی تحصیل رام پور۔

قائمؔ چاندپوری میرؔ و سوداؔ کے ہم عصر اور بلند شاعر ہیں۔ ان کے معاصر اور اُس کے بعد کے تذکرہ نگاروں نے ان کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے۔ بعضوں نے کھلے دل سے اور بعضوں نے دبے لفظوں میں۔ قائمؔ کے اشعار میں شوخی اور چلبلا پن غضب کا ہوتا ہے اور زبان و بیان کی ندرت کا تو یہ عالم ہے کہ دیوان میں ایسے اشعار کم نہیں ملیں گے جو روزمرہ یا محاورہ بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ کتابچہ موصوف کے اشعار کا انتخاب ہے۔ عابد رضا صاحب بیدار کا ذوق خود ایک انتخاب ہے اس لئے اس کے حسن انتخاب ہونے میں کیا کلام ہو سکتا ہے۔ شروع میں مختصراً قائم کی سوانح عمری اور کلام اور اس سے متعلق بعض ادبی مباحث کے بارہ میں جو اشارات ہیں اردو ادب کے طالب علم کے لئے مفید ہیں۔

الحکمۃ فی مخلوقات اللہ | اردو ترجمہ از مولوی محمد علی صاحب لطفی تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۳/۲۵ پتہ :- نمبر ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۔۔۔۔ ۵۔

علمائے اسلام نے جہاں تشریعی امور کے حکم و مصالح میں کتابیں لکھی ہیں تکوینی مخلوقات کے اسرار و رموز کی تشریح و توضیح بھی کی ہے۔ چنانچہ اس کتاب میں امام غزالی نے اپنے خاص انداز میں ارضی و سماوی مخلوقات کی تخلیق میں خدا کی کیا کیا حکمتیں اور مصلحتیں ہیں اُن کو بیان کیا ہے۔ یہ ظاہر ہے کوئی سائنس کی کتاب نہیں ہے اور نہ یہ اس کا موضوع ہے۔ امام صاحب نے جو کچھ لکھا ہے اُس کا دار و مدار زیادہ تر قرآن مجید کے بیانات پر ہی ہے۔ تاہم اس سے خود امام صاحب کی ژرف نگاہی اور عمیق قوتِ مشاہدہ پر روشنی پڑتی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب اصل کا اردو ترجمہ ہے جو صاف و سلیس اور شگفتہ و رواں ہے۔

ہند و پاک کے دینی و علمی ذوق رکھنے والے حضرات کو اطلاع

جو حضرات ہندوستان و پاکستان کے مشہور و معروف اور متبحر علماء کی عام فہم، مدلل اور ایمان افروز تصانیف سے مستفید و محظوظ ہونا چاہتے ہیں اُنھیں یہ پڑھ کر انتہائی مسرت ہوگی کہ ہم نے ایسے اہلِ ذوق اور دینی تڑپ رکھنے والے لوگوں کے لئے اس کا معقول انتظام کر لیا ہے۔

ہم قطعی یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ آپ ہمیں انشاء اللہ ہمیشہ معاملہ فہم اور دیانتدار پائیں گے ہمیں یقین ہے کہ ہماری طرف رجوع کرنے سے آپ حضرات کو علمی و دینی آسودگی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کی دینی، علمی، ادبی، اصلاحی، تاریخی نیز اسلامی مدارس سے متعلق جملہ کتب و قرآن پاک وغیرہ کے لئے ہندوستان و پاکستان کے حضرات ہمیشہ مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت فرمائیں۔

ادارہ فروغِ اسلام سعید منزل ع ۱۶۸ انارکلی

لاہور